اووو افت میرے سامنے میری سامنے میری گھر والی کے ساتھ فلرٹ نہیں کرو۔۔. امن نے جاناں کو امنہ سے پیچھے کیا

Posted On Kitab Nagri

اوو اپ مجھے ڈانٹ رہین ہیں.۔میں سبکو بتاتی ہوں کہ رات کو انی نے اپ۔۔۔۔. جاناں کی بات سن امن چونک گیا

ارے جان میری پر نسسز ادھر اؤ۔۔۔ امن نے جانان کو اپنے پاس بلایا اور اسے منانے لگے کہ پلیز کسی کو وہ بات نا بتائے

محبت کرتے ہو تو آداب وفا بھی سیکھو
فارغ وقت کی بے قراری کو محبت نہیں کہتے نالائق

اس سے پوچھو عذاب رستوں کا
جس کا ساتھی سفر میں بچھڑا ہے

Posted On Kitab Nagri

رات کا پہر تھا اسمان پر چاند پورے اب و تاب سے چمک رہا تھا ہر طرف چاندنی پھیلی تھی کہ اسی ثنا میں ایک وجود تیزی سے بھاگتے جنگل کی طرف بڑھ رہا تھا

وہ کوئی لڑکی تھی سفید شلوار کمیض میں وہ چاندنی کا ہی حصہ معلوم ہو رہی تھی مگر اسکے کپڑوں پر موجود خون کے دھبے اسے چاند سے الگ بنا رہے تھے۔۔۔

اسکے نازک روئی جیسے پاؤں بھاگنے کی وجہ پر زمین پر موجود کانٹے اور کنکر چبنے سے زخمی تھے اور ان سے خون رس رہا تھا

بھاگنے سے اسکے سیاہ بال کبھی ادھر تو کبھی ادھر جھول رہے تھے جس سے اسکی گردن کا نشان کبھی چھپ جاتا تو کبھی نظر اتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پر نسسز۔۔۔. وہ چیختے اسے بچانے بھاگا تھا جانے کیوں اسکی پر نسسز ڈری ہوئی تھی کہ اس پکار پر اس لڑکی نے ایک اس سے پیچھے مڑ کر دیکھا

Posted On Kitab Nagri

تو وہ ہل کر رہ گیا روئی روئی سی کالی سرخ آنکھوں کے پپوٹے رونے کے باعث سوجے ہوئے تھے گلابی نازک سے لب اسے دیکھ کر ہلے ایک کرب زدہ مسکان نے اسکے ہونٹوں پر بسیرا کیا

تم نے انہیں نہیں بچایا مراد۔۔۔۔ایک شکوہ اسکے لبوں سے پھسلا اور وہ اس اندھیرے جنگل میں کھوتی چلی گئی

نہیں پرنسسز اس بار تمھاری جدائی سے میری موت واقع ہو گی پرنسسز پلیز واپس آجاؤ میں بچالونگا سبکو ۔۔۔۔وہ چیخا اور اسکی انکھ کھل گئی جلدی سے اٹھتے وہ وائٹ شلوار کمیض پہنے وہ وجیہہ شخص باہر بھاگا وہ لڑکی وہ جو اس سے ریسٹورنٹ میں ملی تھی وہ اسکی۔.ہاں وہی اسکی پرنسسز تھی اور وہ دور جارہی تھی

اسے اپنی پرنسسز کے پاس جانا تھا اسکے دور جانے سے پہلے۔۔۔۔

یہ عجب جدائی تھی

تجھے الوداع بھی نہ کہہ سکے

Posted On Kitab Nagri

تیرے پاس رہنے کا سوچا تھا

تیرے شہر میں بھی نہ رہ سکے

دور ہونے کا درد کیسا ہوتا ہے

کوئی ہم سے پوچھے

تنہا راتوں میں رونا کیسا ہوتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوئی ہم پوچھے

💔💔💔💔💔💔💔

رات کا تقریباً دو بجے کا ٹائم تھا کہ شاہ مینشن میں ہلچل سی مچ گئی جیسے کوئی طوفان آگیا ہو ولی جاناں کے روم کا دروازہ ناک کرتے چیخ رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

جان۔۔۔

جان۔۔۔۔

جاناں۔۔۔وہ جو رات کو بارہ بجے ہی سوئی تھی کسی کی پکار پر آنکھیں ملتے واچ کی طرح دیکھا دو بج رہے تھے پھر یہ شور کیسا؟؟؟

کیا ہوا ولی۔۔۔۔۔اسے گھبرایا ہوا دیکھ جاناں حیران لہجے میں پوچھنے لگی تو ولی نے ماتھے پر ایا پسنہ صاف کیا

جاں ۔۔۔ وہ مائی۔مائزہ آپی ۔۔۔۔م۔ماما۔۔۔۔۔ وہ گھبراہٹ کے مارے کچھ بول ہی نہیں پارہا تھا جاناں اسے اپنے ساتھ لیتی نیچے آئی جہاں سب پریشان کھڑے تھے

حازم جو بھی کرو مجھے میری بیٹی صحیح سلامت چاہیئے ۔۔۔۔ شائزہ حازم کو دیکھتے دبی آواز میں چیخی تو جاناں نے حیرانی سے یہ منظر دیکھا بیٹی مطلب مائزہ مگر اسے ہوا کیا

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا ماما۔۔۔انی کیوں رو رہی ہیں ؟؟؟ جاناں نے نا سمجھی سے ایزل کے قریب اتے پوچھا جو خود بھی پریشان تھی

بچے مائزہ کا کڈنیپ ہو گیا ہے اور خبر ملی ہے کہ وہ لوگ اسے پاکستان لے کر جا رہے ہیں۔۔۔امن نے جاناں سے کہا جو یہ سن کر اب پریشان ہو چکی تھی

کیا مطلب کڈنیپ ہو گیا ؟؟؟ کن لوگوں نے کیا کڈنیپ۔۔۔ہماری تو کسی سے دشمنی بھی نہیں پھر یہ ۔۔۔کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔ جاناں نے سوچتے ہوئے ان سبکی طرف دیکھا جو دشمن لفظ سن کر ایک دوسرے سے نظریں چرانے لگے تھے

ہاں صحیح کہا جان نے اور جب کڈنیپ ہوا تو اپی کے سسرال والے کہاں ؟؟ تھے۔۔۔۔ولی بھی سوالیہ انداز میں بولا اتنے میں انہیں سیم اتا دیکھائی دیا

ماما ہیلی ریڈی ہے اور باقی سبکی میں نے ٹکٹ بکس کروادی ہے کچھ دیر میں فلائٹ ہے۔۔۔ سیم نے اتے ہہ اطلاع دی تو ایزل اور امنہ نے شائزہ کو سبکے ساتھ انے کا کہا اور خود امن اور میصم کے ساتھ چل دی

Posted On Kitab Nagri

میری جان ریلیکس رہو کچھ نہیں ہو گا ہماری بچی کو۔۔۔حازم نے شائزہ کو اپنے ساتھ لگائے حوصلہ دیا جو روئے جا رہی تھی

جاناں نے ان دونوں کو اشارہ کرتے سائیڈ پر بلایا پلر کے پاس جا کر وہ تینوں گروپ میں کھڑے ہوئے

جان ہمارے دشمن ہیں۔۔۔ماما بابا نے جواب نہیں دیا نا؟؟؟ولی نے اہستہ سے کہا جو جاناں نے بھی سر ہلایا

کچھ تو ہے جو چھپا ہے اور ایک بار میں نے بابا کو ایزل بہن پر غصہ ہوتے بھی دیکھا تھا۔۔جب انہوں نے پاک جانے کی ضد کری تھی۔۔۔جاناں نے یاد کرتے کہا پھر کچھ سوچ کر ٹھٹھکی سیم نے بھی پر سوچ نظروں سے اسے دیکھا

کہیں جاناں انی۔۔۔وہی ہی تو نہیں۔۔۔وہ آہستہ سے بولی پھر حازم کے بلانے پر انکے ائیر پورٹ روانہ ہوئے

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

Posted On Kitab Nagri

سر اپ یہاں؟؟؟ مراد کے وہان پہنچتے ہی ہوٹل مینجر وہاں اسکے پاس ایا

مجھے اس ریسٹورنٹ کی سی سی ٹی وی دیکھنا ہے۔۔۔ مراد نے سنجیدگی سے کہا تو مینجر سر ہلاتے اسے سسٹم والے روم میں لے گیا

سی سی ٹی وی کی ویڈیو دیکھتے وہ جاناں کو دیکھتے پوز کرنے کا بولا

سر یہ تو مسس جاناں ہیں یہی پاس میں رہتی ہیں وہ ہر دن اسی ریسٹورنٹ میں اتی ہیں۔۔۔۔ سیکیورٹی گارڈ نے اس سے کہا تو مراد اسکی جانب مڑا

اسکا گھر.. گھر دیکھاؤ مجھے۔۔۔ وہ جلدی سے بسس اسکے پاس پہنچنا چاہ رہا تھا اس گارڈ نے اسے شاہ مینشن تک تو پہنچا دیا مگر یہ کیا شاہ مینشن کو تو تالا لگا تھا۔۔ مطلب اسکی پرنسسز اسے چھوڑ کر چلی گئ

کسس سے ملنا ہے ایکو۔۔۔۔ سیکورٹی گارڈ اسکے پاس اتے بولا مراد کو دیکھ وہ اسکے پاس چلا ایا تھا

Posted On Kitab Nagri

ی۔۔یہاں میری پرنسسز۔۔۔وہ کہاں گئی۔۔۔؟؟؟وہ سوالیہ نظروں سے اس سیکورٹی گارڈ کو دیکھنے لگا

سر یہاں کے لوگ تقریباً ایک گھنٹہ پہلے ہی پاکستان روانہ ہوئے ہیں۔۔۔اس آدمی نے کہا تو مراد جیسے ڈھ سا گیا شاہ مینشن کے سامنے وہ اس گھر کو دیکھنے لگا اچانک اسکے دماغ میں جھماکہ سا ہوا

مجھے اندر جانا ہے۔۔گیٹ کھولو۔۔۔۔وہ حکمیہ انداز میں اس شخص سے بولا سیکیورٹی گارڈ نے حیرانی سے اسے دیکھا

جناب اپ پاگل ہیں یہ میرے مالک کا گھر ہے میں کیسے انکی غیر موجودگی میں آپکو اندر جانے کی اجازت دے دو۔۔۔۔وہ اسے جانتا تھا بے شک مراد لغاری بزنس ٹائیکون تھا مگر وہ ایک ایک ایماندار شخص تھا

پلیز۔۔۔میرا اندر جانا بہت ضروری ہے۔۔۔۔مراد نے اس سے التجا کی اسکی نیلی آنکھوں میں جانے ایسا کیا تھا کہ سیکورٹی گارڈ نے اسے اندر جانے کی اجازت دے ہی دی

Posted On Kitab Nagri

ان میں سے میری پرنسسز کا روم کونسا ہو گا۔۔.وہ اندر جاتے مینشن کی لائیٹس اون کرتے بولا جہان کچھ دیر پہلے اندھیرا تھا وہی اب اجالا ہو چکا تھا

سارے کمروں کے آگے سے گزرتے وہ ایک کمرے کے سامنے رکا جسکے دروازے پر ایک شعر لکھا تھا

بگڑ گئی تو افت جیسی

ورنہ بہت شریف ہوں میں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شعر پڑھتے وہ مسکرا کر دروازہ کھولتے اندر گھسا براؤن اور بلیک کا بینیشن سے بنا وہ کمرہ جس میں جگہ جگہ اسکی خوبصورت سی پکچرز لگی تھی بیڈ کے اوپر تو بہت بڑی پکچر لگی تھی جس وہ لائٹ سے میک اپ میں رو رہی تھی اسکی کالی آنکھیں سرخ تھے اور انسو اسکے گالوں پر بہہ رہے تھے اور چند قطرے اسکی پلکوں سے گرنے لگے تھے اسکی ہونٹ جنہیں وہ سرخ گلاب بنا چکی تھی بلڈ ریڈ لپسٹک لگا کر نچلے ہونٹ کا ایک کونا دانتوں تلے دبائے اسے لگا وہ اسے ہی دیکھ رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

پرنسسز اپ تو میری سوچ سے زیادہ خوبصورت ہیں۔۔۔ وہ اسے دیکھ کر اپنے دل پر ہاتھ رکھتے بولا جسکی ڈھرکنیں بھی اسکی خوبصورتی کو دیکھ مدہوش ہو کر جھومنے لگی تھی پھر اس نے ہر طرف اپنی مطلوبہ چیز ڈھونڈنے لگا۔۔۔ ہر طرف دیکھنے کے بعد بھی اسے اہسا کچھ نا ملا جس سے معلوم ہوتا کہ وہ پاکستان کے کونسے شہر میں ہیں

ڈائری۔۔. اسکی نظر سٹڈی ٹیبل پر پڑی وہاں ڈائری کو دیکھ وہ اسے اٹھا کر چیک کرنے لگا اور آخری پیج پر اسکی نیلی آنکھیں چمکی آخر کار اسے انکا ایڈریس مل ہی گیا تھا وہ جانے کو مڑا مگر پلٹ کر واپس ایا اسکی ایک پکچر زوال سے اتارتے وہ وہاں سے چلا گیا اسے جانا تھا اپنی پرنسسز کے پاس جو اسکا عشق تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

بھٹکے ہوئے مسافر کا بسیرا بن گیا،،،

میری اندھیری راتوں کا تو سویرا بن گیا،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری زندگی میں آیا ہے،،،تو کچھ اس طرح،،،

میری زندگی میں آیا ہے،،،تو کچھ اس طرح،،،

جیسے قبر میں پڑی،،،لاش کو سانسوں کا سہارا مل گیا،،،

♥♥♥♥

Posted On Kitab Nagri

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

پاکستان میں انکا اپنا ایک بنگلو تھا جہاں حاوز اور ابہیا موجود تھے وہ سیدھا وہی گئے تھے مگر انہیں حیرت کا شدید جھٹکا تب لگا جب اندر صوفے پر مائزہ حاوز اور ابہا چائے پی رہے تھے

ت۔تم ٹھیک ہو؟؟؟ میصم نے مائزہ کو گلے سے لگاتے پوچھا تمھیں ہ اتنی سی دیر میں کتنا پریشان ہو چکا تھا اسے مائزی بھی اپنی بیٹی جیسی پیاری تھی

یہ کیا مزاق تھا مائزہ۔.اور حاوز تم بھی اسکے ساتھ ملے ہوئے ہو..تم دونوں جانتے ہو تمھاری مان کا کیا حال ہے۔۔.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بڑے بابا اپکو پاک لانے کے لئے یہ سب کیا۔..کسی کی بولنے کی ہمت نا ہوئی تو ابہا نے ہمت کر کے کہا کیونکہ کسی نا کسی کو تو بولنا تھا جو سچ تھا

کیا۔۔۔۔ میصم نے نارضگی سے انہیں دیکھا اور پھر سبکو نظر انداز کرتے اوپر کی طرف بڑھ گیا

Posted On Kitab Nagri

سوری یار۔۔۔ مائزہ نے امن سے کہا جو وہ ہلکی سی مسکراہٹ سے اسکو دیکھتے میصم کے پیچھے ہو لیا جبکہ ایزل اور امنہ تو پاکستان کی خوشبو اسکی ہوا میں سانس لے کر پرانی یادوں میں کھو چکی تھی

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ سب صبح ہی کی فلائٹ سے پاکستان پہنچ چکے تھے اور مراد کے کہنے پر فیصل لغاری کراچی آئے تھے کیونکہ مراد کا کہنا تھا کہ وہ کراچی میں ہی ہر چیز ارینج کر چکا ہے

مراد نے عین جاناں کے گھر کے سامنے والا مینشن لیا تھا حیرانی کہ بات تھی کہ کچھ گھنٹوں میں وہ ایسا کیسے کر سکتا تھا مگر وہ مراد لغاری تھا اسکے لیے یہ کام بہت ہی اسان تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہائے میں تھک گئی بابا۔۔۔ کتنا بورنگ تھا نہ۔۔ اس سے اچھا بندہ بائیک پر اجاتا۔۔۔ حور نے منہ بناتے کہا

.

Posted On Kitab Nagri

بیٹا جی اگر بائیک پر اتے تو ہمھیں پہنچنے میں ہی تقریباً دو سال لگ جاتے۔۔۔۔ فریحہ بیگم نے ہنس کر کہا تو وہ مسکرائی

.

. چھوڑیں۔۔ اپکو پتہ ہے میری دوست بھی کل ہی پاکستان آئی ہے وہاں لندن میں بھی میں اس سے مل نہیں سکی مگر میرا پورا ارادہ ہے اس سے پاک میں ملنے کا۔۔۔۔ حور نے اپنی فیس بک پر بنی فرینڈ کا ز کر کیا تو سب نے اسے دیکھا کیونکہ وہ فرینڈز نہیں بناتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپکی فرینڈ اپ کب سے فرینڈ بنانے لگی ہیں؟؟؟ فیصل صاحب نے مسکرا کہ پوچھا

ہمم میں فرینڈز نہیں بناتی مگر بابا اسس میں کچھ تو یونیک ہے کہ میں نے خود ہی اسے فرینڈ شیپ کی آفر کی ۔۔۔۔ حور نے اسے سوچ کر مسکراتے کہا تو مراد نے ہنس کر اسکے بال بکھیرے اور اپنے روم کی طرف بڑھا

Posted On Kitab Nagri

ماما۔۔یہ بھائی ہی تھے نا؟؟؟؟پہلے تو اسکا مسکرانا پھر اسکا حور کے بال بکھیرنا وہ تینوں غش کھاتے کھاتے بچے تھے

ہاں میری جان یہ تمھارا بھائی ہی تھا لگتا ہے اسکی تلاش پوری ہو چکی ہے۔۔.فیصل صاحب نے مسکراتے لہجے میں کہا اور دل ہی دل میں خدا کا شکر ادا کیا جس نے اسکے بیٹے کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھنے کا موقع دیا تھا

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

لو جی۔۔.اگر تم لوگ ڈرامہ کر ہی رہے تھے تو کم از کم مجھے ہی بتا دیتے میں نے کونسا ڈانگا سوٹیاں لے کر اجانا تھا؟؟؟کہ نا جی یہ کام نہیں ہو سکتا۔۔۔جب سے جانان کو انکے پلین کی خبر ہوئی تھی وہ غصے سے تہی بیٹھی تھی مائزہ کے پوچھنے پر وہ پھٹ ہی پڑی

کیا ہو گیا ہے بی بی صبر کو ہاتھ مارو زرا۔۔۔مائزہ نے اسے گھورا جو منہ پھلائے بیٹھی تھی

Posted On Kitab Nagri

.کس چیز کا غم لگا ہوا ہے۔۔۔ سیم نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا اسے معلوم تھا کوئی نا کوئی بات تو ہے۔۔ورنہ جاناں اور غصہ امپوسبل

یار میری ڈریسسز یہاں نہیں ہے اور اب میں کیا پہنو۔۔۔؟؟؟ جاناں نے منہ بناتے کہا

تو اس میں پریشانی والی کیا بات ہے میری ڈریسسز لے لو۔۔مائزہ نے کھلے دل سے کہا تو جاناں نے اسے جن نظروں سے دیکھا مائزہ نے شرما کر نظریں جھکائی۔۔۔۔

میں اور تم ڈائنوں کے کپڑے ہر گز نہیں۔۔ جاناں نے منہ بگاڑتے کہا اور اٹھ کر سیڑھیوں پر چڑھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

.تو چلو پھر مال چلتے ہیں۔۔ولی نے ائیڈیا دینے کے ساتھ اسے افر بھی کری تو وہ خوشی خوشی اسکے ساتھ اٹھ کر چل پڑی

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

Posted On Kitab Nagri

بھائی بڑا افس شوفس جالیا اب مجھے شاپنگ پر لے چلو۔۔۔ حور ریسٹ کرنے کے بعد مراد کے سر پر کھڑی تھی کہ اسے شاپنگ پر لے جائے

شونا میں۔۔.

۱

کوئی نہیں میں شوناٹونا میں کہہ رہی ہوں چلو تو چلو۔۔۔ پہلی بار اسکے چہرے کے ساتھ اسکے لہجے میں بھی نرمی آئی تھی جسکا وہ پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہتی تھی

.

یار چلونا کیا پتہ وہاں اپکی پرنسسز بھی مل جائے۔۔۔ حور نے کہا تو مراد اسکے زکر پر ہی مسکرا اٹھا

چلو چلیں۔. اسکے جھٹ سے ماننے پر حور نے کالر جھاڑتے خود کا کندھا تھپتپایا

Posted On Kitab Nagri

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

تیری آنکھیں

بڑی گہری بہت ہی خوبصورت ہیں

اجازت ہو تو میں کچھ دیر ان میں جھانک کر دیکھوں

کہ مجھکو چاند کی مانند

جھیلوں میں اترنا

لطف دیتا ہے،،❤

وہ اس وقت شاپنگ مال میں تھی ولی اور سیم دونوں اپنی ڈریسسز لینے گئے تھے جبکہ جاناں کی نظریں تو ایک گھڑی والی شاپ پر رکی اور وہ اسے دیکھتے ہی اسے اپنا مان چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایکسکیوزمی مجھے یہ واچ پیک کر دیں۔۔۔اس نے شاپ میں جاتے فوراً دکاندار سے کہا

سوری میم یہ آلریڈی خرید لی گئی ہے۔۔۔دکاندار نے معازرت کی لیکن جاناں کی نظریں تو اسی واچ پر تھی

Posted On Kitab Nagri

ابھی تو یہاں موجود ہے ناکاؤنٹر پر۔۔۔

جی مگر۔۔دکاندار کو اسکے سوال کی سمجھ نا آئی

بل پے کر دیا ہے؟؟؟جاناں نے سوال کیا

میم وہ سر اور چیزین پسند کر رہے ہیں ایک ساتھ ہی بل پے کر دینگے۔۔۔دکاندار نے اسکے پیچھے کھڑے شخص کی طرف اشارہ کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو میں پے کر دیتی ہوں نا۔۔. جاناں نے کریڈٹ کارڈ بڑھایا

سوری میم یہ پوسیبل نہیں اپ انہی سے پوچھ لیں۔۔۔وہ دوکاندار ابھی بھی مسکرا رہا تھا اور جاناں کو اسکی مسکراہٹ زہر سے بھی زیادہ بری لگ رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

اپکے ٹوتھ پیسٹ میں نمک ہے۔۔۔؟؟؟جانان نے سوالیہ انداز میں پوچھا

کی مطلب؟؟؟دوکاندار نے حیرت سے اسے دیکھا

اپ مسلسل دانتوں کی نمائش کر رہے ہیں نا اسی لیے پوچھ رہی ہوں۔۔۔۔جانان نے طنزیہ انداز میں کہاتو دوکاندار کے دانت فوراً منہ میں چلے گئے پیچھے کھڑے شخص نے مسکرا کر اس افت کی پشت کو دیکھا

کون ہے وہ جس نے میری چیز کو پسند کیا؟؟؟ایکی بار وہ تھوڑا سنجیدگی سے بولی تو دکاندار نے اسکے پیچھے اشارہ کیا

ہیے مسٹر۔۔۔اس نے اس شخص کو مخاطب کیا

یسسس؟؟؟جاناں نے اسے دیکھا جو اپنی پوری وجاہت کے ساتھ اسکے سامنے کھڑا تھا

Posted On Kitab Nagri

مجھے وہ واچ پسند ہے تم کوئی اور لے لو۔۔. جاناں نے لٹھ مار انداز میں کہا جو سکندر نے آئبرو اٹھا کر اسکی کالی چمکتی آنکھوں کو دیکھا

اگر مجھے وہی چاہیے ہو تو؟؟؟؟ سکندر نے اسکا پورا جائزہ لیتے کہا جو وائٹ جینز جو جگہ جگہ سے پھٹی ہوئی تھی اور اسکے ساتھ ریڈ شارٹ شرٹ پہنے وہاں موجود ہر انسان کی نظروں کا مرکز تھی

تو بھی کوئی اور پسند کرنی پڑے گی۔۔۔وہ مغرورانہ انداز میں بولی

کیوں.؟؟؟ سکندر نے آئبرو اٹھا کر اسے دیکھا

کیونکہ جاناں شاہ نے کہا ہے ۔۔۔۔ اس نے شاہانہ انداز میں کہا جو سکندر کے لبوں کو خوبصورت مسکراہٹ نے چھوا مگر وہی کوئی اس نام پر ٹھٹھکا اس شخص کی نظریں جاناں کے چہرے پر تھی وہی آنکھیں وہی ہونٹ وہی چہرہ بسسس اسکا لب ولہجہ الگ تھا باقی وہ ویسی ہی تو تھی

Posted On Kitab Nagri

اوکے اپ لیں لو۔۔ سکندر نے کہا تو بے ساختہ ہی جاناں کے چہرے پر مسکراہٹ بکھر گئی جسے دیکھ کر ہی سکندر ساکن ہوا تھا وہ مسکراتی ہوئی کتنی حسین لگتی تھی

تھیکنس۔۔۔ جاناں نے ہنس کر کہا تو وہ ہوش میں اتے مسکرایا اور سر ہلاتے اپنی چیزیں پیک کروانے لگا کہ ساتھ کھڑی رباب کو پتھر بنا دیکھ اسکی طرف ایا

آب۔۔۔ سکندر نے اسے ہلایا جو اسکی طرف دیکھتی پھر جاناں کو ڈھونڈنے لگی جو شاپ سے باہر جا رہی تھی

بھائی اس لڑکی کو جانتے ہیں اپ؟؟؟ اس نے سوالیہ نظروں سے سکندر کو دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں ابھی ملاقات ہوئی بسس۔ اچھا تم چلو مرحا وہٹ کر رہی ہو گی نا ہمارا۔۔۔ سکندر نے اسکا دھیان مرحا کی جانب کروایا مگر اسکا دماغ تو جاناں پر آٹکا تھا اسے جلد از جلد سر کو بتانا تھا کہ جاناں زندہ ہے

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

Posted On Kitab Nagri

لاکھوں ملیں گے پیار کا دعویٰ کرنے والے تجھے💞

اے بنتِ حوّا.....!!!❤✨

مگر انتخاب اسی کا کرنا جو تمہاری چادر کا خیال کرے....!!!🍃

مراد کی نظریں حور پر تھی جو اپنے لیے ڈریس لے رہی تھی یا یوں کہہ لو کہ سارا مال سمیٹ رہی تھی اس نے ایک نظر ایسے ہی غیر ارادی طور پر پورے مال میں گھمائی مگر اسکی نظریں ایک جگہ ٹھہر سی گئی مسکراہٹ نے اسکے چہرے پر بسیرا کیا مگر کچھ لمحے بعد ہی اسکی مسکراہٹ سمٹی

جاناں کو اپنے لیے جینز شرٹ دیکھ رہی تھی کہ اسکی نظر ایک تلے کے کام والے جوڑے پر پڑی دیکھنے میں اسے وہ بہت اچھا لگا ریک سے نکال کر اپنے ساتھ لگاتے وہ شیشے میں خود کو دیکھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس سے بے نیاز کہ اس جوڑے کو اپنے ساتھ لگائے وہ اس کے حسن کو مزید بڑھا گئی تھی ہر شخص کی نظروں کا مرکز تھی وہ۔۔۔وہ اسکی جان لیوا مسکراہٹ اسکا وہ حسن ہی ایسا تھا کہ ہر ایک کو اسکا گرویدہ کر دے

Posted On Kitab Nagri

سبکی نظریں اس پر تھی مگر وہ تو خود میں مصروف تھی وہ ارد گرد دیکھتی تو ہی تو اسے کچھ معلوم ہوتا۔۔۔ نظرین تو کسی اور کی بھی رکی تھی مگر ہوش میں انا وہ خوب جانتا تھا ارد گرد نظر ڈال کر وہ اسکے پیچھے ایسا کھڑا ہو گیا کہ جاناں بلکل چھپ سی گئی اس نے ایک کہر آلودہ نظر ارد گرد ڈالی

جانان تو کچھ لمحے کے لئے ساکت ہو گئی یہ خوشبو اس نے پہلے بھی محسوس کی تھی شیشے میں نظر اٹھا کر دیکھا تو یقین کرنا مشکل ہو گیا اسے لگا جیسے اسکی آنکھیں پتھر ہو گئی ہیں اس شخص کا لمس جو وہ بھول نہیں سکتی تھی وہ شخص پھر سے روبرو کھڑا تھا

وہ مراد لغاری تھا جسکی نیلی آنکھوں میں اگ تھی۔۔اور جلا دینے والا غصہ۔۔مراد نے اسکے ہاتھ سے جوڑا لیا اور ہاتھ پکڑ کر دکان سے باہر لے ایا دوسرا لمس بھی ملا تو اس انسان کا۔جاناں کے جسم میں کرنٹ کی لہر دوڑ گئی مگر وہ حرکت نا کر سکی

اس نے غصے سے اسکا ہاتھ تھاما ہوا تھا یہ جاناں نے بھی محسوس کیا مراد اسکو وہی چھوڑتے واپس دکان میں گیا تھوڑی دیر بعد ایا اسکے ہاتھ میں بیگ تھا اس نے وہ بیگ جاناں کو دیا اور اسے دیکھے بنا وہاں سے چل دیا

Posted On Kitab Nagri

مگر اسکی نظروں میں جلال تھا۔۔۔ جاناں اسے جاتا دیکھ رہی تھی اس شخص نے اسے مڑ کر نہیں دیکھا تھا آج بھی وہی ہوا تھا وہی شخص وہی لمس مگر اج کچھ اور بھی تھا

آج حفاظت تھی اج وہ محافظ لگا تھا اسکی پکڑ میں کوئی غلط احساس نہیں تھا سخت پکڑ مگر تحفظ والی تھی اور پھر وہ شخص اسے اپنی سوچوں میں ڈال کر غائب ہو گیا.....

یوں تیرے لمس کا احساس رچا ہے مجھ میں ❤

اپنے ہی بدن سے آجاتی ہے تیری خوشبو...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

❤❤❤❤❤❤

شاہ کی طرح باظرف نہیں،
کہ ہر کسی پر عیاں کریں
کوئی سوچے بھی اسکو

Posted On Kitab Nagri

ہمھیں یہ منظور نہیں۔۔۔۔۔

💔💔💔💔💔

کیا ہو گیا لالے کیوں اگ بگولہ ہو رہا ہے۔۔۔افس کے امپلوئز سے مراد کے غصہ ہونے کی خبر سن وہ جھٹ سے اسکے پاس پہنچا تھا

مجھے وہ چاہیے سمیر۔۔.کچھ بھی کر کے مجھے اسکو اپنے پاس لانا ہے۔۔۔اسکی معصومیت اسے مجھ

سے دور نا کر دے۔۔۔.میرے کچھ سنگین قدم اٹھانے سے پہلے ہی اسے میرا ہونا ہو گا۔۔۔۔مراد نے سنجیدگی سے کہا تو سمیر حیران ہوا وہ کس کی بات کر رہا تھا

کس کی بات کر رہا ہے لالے۔۔۔؟؟؟سمیر کی حیرانی کسی طور کم نہیں ہو رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پرنسسز۔۔.مجھے پرنسسز کو حاصل کرنا ہی ہو گا۔۔آب اس سے جدائی ناممکن ہے سمیر۔۔۔وہ ایک کرسی سے اٹھتے اشتعال امیز لہجے میں ڈھاڑا تو سمیر اچھلا ڈر سے اسکا رنگ سفید ہونے لگا تھا

Posted On Kitab Nagri

تو اس پر غصہ ہے۔۔۔ مراد وہ تیری پرنسسز ہیں۔۔۔۔۔ سمیر نے آہستہ اواز میں کہا مگر مراد سن کہا رہا تھا اسے تو بسس اپنی پرنسسز پر گڑھی سبکی غلیظ نظریں یاد آرہی تھی سمیر کی بات پر وہ ٹیبل پر ہاتھ رکھتے اسکی طرف جھکا

میں غصہ ہوں۔۔۔ اپنی پرنسسز پر نہیں۔۔۔ میں غصہ ان لوگوں پر ہوں کیسے۔۔۔ کیسے وہ میری۔۔۔ مراد لغاری کی پرنسسز کو دیکھ رہے تھے۔۔۔ اسکو دیکھنے والے کی آنکھیں تک نوچ لو نگا میں۔۔۔۔۔ وہ شدت پسندی سے بولا کم ڈھارا زیادہ تھا تو سمیر کا حلق خشک ہوا

مراد تم غصے میں ہو۔۔ اس لیے ایسی بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو۔۔۔۔۔ سمیر نے منمنا کر کہا

میرے عشق کا اصول ہے سمیر۔۔۔ میرے عشق کی طرف اٹھتی ہر نظر میں عزتِ احترام ہو۔۔۔۔ کوئی بھی اسے میلی آنکھ سے دیکھے تو پھر لعنت ہے مراد لغاری پر۔۔۔۔ کہتے ہی وہ وہاں سے نکلا اسے کچھ ٹائم اکیلے رہنا تھا ورنہ ضرور وہ کچھ غلط کر بیٹھتا کچھ بہت زیادہ غلط

نہیں ھوں قائل کسی_____ کی بھی بات کا

Posted On Kitab Nagri

میرا اپنا اصول، _، اپنا مزاج، اپنا انداز

💔💔💔💔

اندھیری راتیں تھی مگر آسمان پر تارے ٹمٹمارہے تھے رات کے بارہ بجے وہ محتاط سی گھر کے پچھلے دروازے سے نکلی اور بھاگنے کے انداز میں مینشن کی دیوار پھلانگ گئی اور دیوار کے اس پار کھڑی بائیک پر بیٹھتی اسے زن سے بھگا لے گئی رات کے سناٹے میں اسکی بائک زگ زیگ زو کی طرح بھاگ رہی تھی وہ جیسے ہی مطلوبہ جگہ پہنچی بھاگنے کے انداز میں چلنے لگی کمرے میں گھستے وہ ارد گرد دیکھنے لگی کہاں تھا وہ شخص

سر سر وہ زندہ ہے میں نے اپنی آنکھوں سے اسے دیکھا ہے زندہ سلامت۔۔۔۔۔رباب نے اونچی اواز میں کہا تو اس گھر کے ہر طرف اسکی آواز گونجی رولنگ چیئر پر بیٹھا شخص جھٹکے سے اٹھا

کون۔۔۔۔اس نے تجسس سے پوچھا جو رباب نے گہری سانس لی بھاگنے کی وجہ سے اسکا سانس پھول گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

جاناں۔۔۔۔رباب کے اس جملے نے جیسے اس آدمی کو شاک کر دیا۔۔وہ تیزی سے اسکے پاس ایا

کہا دیکھا تم نے اسے اب۔۔۔ کیا وہ واقع جاناں ہی تھی۔۔۔ اس نے بے تابی سے پوچھا تو رباب نے اثبات میں سر ہلایا اور اسے پکچر دیکھائی جو اس نے مال میں کھینچی تھی اس شخص نے غور سے اس تصویر میں موجود لڑکی کو دیکھا اسکی آنکھوں کی چمک۔۔جاناں وہ جاناں تو نہیں تھی پھر وہ کون تھی

یہ جاناں نہیں ہے اسکی آنکھیں ویران تھی ایک دم پتھر جیسی۔۔۔اور اسکی آنکھوں میں جو چمک ہے وہ خوشیو کی ہے اور جاناں کبھی خوش نہیں ہوئی اسکے غم کبھی اسے خوش ہونے کی نہیں دیتے تھے

۔۔۔۔۔

وہ ادمی اداسی سے کہتے اسکی طرف مڑا رباب نے حیرانی سے اسے دیکھا ایک نظر دیکھ کر ہی وہ شخص کیسے اس لڑکی کو پہچان گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رباب تم اس کی دوست بننے کی کوشش کرو۔۔.لافی معصوم اور چنچل سی لڑکی ہے پیار سے بات کرو گی تو وہ تمھاری دوست بن جائے گی۔۔. اور اس سبکے درمیان تم اسکے بارے میں پتہ کرو کون ہے

Posted On Kitab Nagri

---یہ--اور اسکی فیملی ------ اس شخص نے کہا تو رباب نے اوکے کہتے باہر کی طرف قدم بڑھائے مگر اسکے قدم تھمے

سر وہ واپس آئی ہے تو اسکے دشمنوں کی بھی تو واپسی ہو گی---- کیا وہ نازک سی جان ان لوگوں سے نبٹ سکے گی-----رباب نے سوالیہ انداز میں ابرو اچکا کر پوچھا تو وہ شخص کچھ سوچ کر مسکرایا

وہ نہیں مگر اسکا محافظ اسکی حفاظت کرے گا اور اسے کرنی ہی پڑے گی------

کون محافظ سر ؟؟؟ رباب نے ناسمجھی سے پوچھا تو اس شخص نے اسے جانے کا کہا اور خود بھی رولنگ چیئر پر بیٹھتے آنکھیں موند لی رباب سوچتی ہوئی وہاں سے نکلی

💖💔💔💔💔💔💔💔💔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہائے رات ہو گئی اور ہم لوگ ابھی تک باہر ہیں ایزل بہن نے کتوں والی کرنی ہے-----جاناں نے سر پر ہاتھ مارتے کہا اور گاڑی میں بیٹھی کار ڈرائیو کرنے لگی

ہوں جانی کتوں والی ہو یا گدھوں والی ہمیں کیا فرق پڑنا ہے--- ولی نے کہا جبکہ سیم تو کار میں ہی خراٹے لے رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

ہاہاویسے کہاتع صحیح ہے ہم شاہ لوگ زرا ڈھیٹ واقع ہوئے ہیں۔۔۔جاناں نے قہقہہ لگاتے کہا جس میں ولی نے اسکا بھرپور ساتھ دیا

جاناں سامنے دیکھتی ڈرائیو کر رہی تھی کہ اچانک اسکی نظر ایک شخص پر پڑی بڑا ہی کوئی پر اسرار سا شخص تھا کالی شال میں خود کو لپیٹے وہ پورا کا پورا چھپا ہوا تھا اسکی نظریں جاناں کے خوبصورت چہرے پر ٹکی تھی جاناں کو اپنی طرف دیکھتے دیکھ اس شخص کی کالی آنکھیں مسکرائی

یہ کون ہے۔۔۔. جاناں نے بڑبڑاتے اسے دیکھا جاناں کو ایسا لگا جیسے اس شخص کی کالی آنکھیں اسے اپنے پاس بلا رہی ہے اس نے ایکدم گاڑی کو بریک لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے ارام سے کیا ہو گیا کیوں کنوارہ مروانا چاہتی ہو۔۔۔ولی کا سر ڈیش بورڈ میں لگا تو وہ بولا جاناں کار سے نکلتی اس شخص کی طرف چل دی

جاناں رکو۔۔۔ولی چلایا مگر وہ ان سنی کرتے اگے بڑھی

Posted On Kitab Nagri

اپ کو ہیں اور یہاں کیوں۔۔۔۔؟؟؟ جانان نے ادھر ادھر دیکھتے نرم سے لہجے میں پوچھا اس شخص نے عجیب سے انداز میں اسے دیکھا

تمھیں اتنا نازک ہونا نہیں چاہیے تھا۔۔۔۔ اس نازکی کی تمھیں بھاری قیمت ادا کرنی پڑے گی۔۔ وہ شخص پر سرار سا اسکے نازک ہاتھوں کو دیکھتے بولا تو جاناں نے نا سمجھی سے اسے دیکھا

کیا مطلب۔۔۔۔ اسکا لہجہ جاناں کی سمجھ میں نا ایا

تجھے یہاں نہیں انا چاہیے تھا تیرے دشمن تجھ سے چھین لینگے۔۔۔. پھر تو بھی اس جیسی بلکل اسی جیسی بن جائے گی بے حس۔۔۔۔ وہ شخص کھوئے کھوئے لہجے میں بولا

کیا۔۔۔ چھین لینگے۔۔۔۔۔ جاناں نے حیرانی سے پوچھا دشمن لفظ پر وہ ٹھٹھکی تھی کیا واقع میں انکے دشمن تھے اگر تھے تع تھے کون؟؟؟ اور سامنے کیوں نہیں تھے

Posted On Kitab Nagri

تیری آنکھوں کی یہ چمک۔۔ تیری حسین لبوں کی مسکراہٹ۔۔.تجھے بے جان کر دینگے۔۔تو چلی جا یہاں سے چلی جا۔۔۔اس شخص نے اسے جانے کا اشارہ کیااور خود اگے کی طرف بڑھ گیا

اور کس جیسی بن جاؤں گی میں۔۔۔۔۔جاناں نے وہی کھڑے ہو کر پاس شخص کی پشت دیکھتے سوال کیا تواس شخص کے قدم رکے مگر وہ مڑا نہیں

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

آس جیسی جسکے جیسا تیرا یہ چہرہ ہے۔۔۔۔ تیری یہ خوبصورت آنکھیں۔۔۔۔تجھے معلوم ہو جائے گا ۔۔۔وہ شخص کہتے پھر سے چلنے لگا جاناں وہی اسکی پشت دیکھتی رہ گئ

جاناں اجاؤ۔۔۔۔ولی نے وہی سے اواز لگائی جاناں نے واپسی کو قدم بڑھائے مگر اسکا زہن تو اس شخص کی باتوں میں الجھ چکا تھا

❤تجھ سے عشق ہو گیا اب خسارہ کیسا
دریائے عشق میں جو اتر گئے اب کنارہ کیسا

اک بار تیرے ہو گئے تو بس ہو گئے

روز#کرنا_____نیا استخارہ کیسا

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اب کہاں تھی اپ۔۔. کرنل صاحب نے مسکرا کر رباب سے پوچھا جو صبح ہی گھر ایی تھی انکے پوچھنے پر رباب نے گہری سانس لی

کچھ کام تھا۔۔۔۔ سکندر کو دیکھتے وہ نرمی سے بولی اور کرنل کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہے تھے

کیا کام بھئی۔۔. سکندر نے پوچھا ور باب نے تمسخر بھری نظروں سے کرنل کو دیکھا

کچھ دشمن کھڑے ہوئے ہیں بھائی انہی دشمنوں کا سر پاؤں تلے کچلنے کا ارادہ رکھتی ہوں میں ۔۔۔۔ رباب کی نظریں کرنل پر تھی جو کھانے پت جھکے تھے اسکی بات پر اسے دیکھنے لگے

کچھ نہیں یار مزاق کر رہی ہوں۔۔وہ ہنس کر بولی تو وہ دونوں مسکرائے اسے اسی طرح خوش دیکھنا چاہتے تھے وہ لوگ

Posted On Kitab Nagri

اچھابھائی وہ لڑکی کتنی پیاری تھی جو اپ سے مال میں ملی تھی۔۔۔رباب نے جان بوجھ کر جاناں کا زکر چھیڑا لڑکی سن جہاں اندر اتے مرحا کے قدم رکے وہی کرنل نے کھانا چھوڑتے سکندر کو دیکھا جو اچانک اسکے زکر پر گڑبڑا گیا

ہ۔ہاں پیاری تو واقع بیت تھی اسکا نام بھی اتنا ہی پیارا تھا۔۔۔سکندر نے مسکرا کر کہا اسکی آنکھون میں اسکا عکس لہرایا

کیا نام تھا اسکا؟؟؟مرحا نے اندر اتے مسکرا کر پوچھا تو سکندر نے اسے دیکھا

جاناں نام تھا اسکا اچھا مجھے محسوس ہوا جیسے میں نے اسے پہلے بھی دیکھا ہے۔۔. سکندر نے کہا جاناں نام پر کرنل کی آنکھیں حیرت سے پھیلی انکے تاثرات رباب نے خوب انجوائے کیے

ہاں میں نے پکچر دیکھی تھی گھر میں۔۔۔رباب نے بھی سر ہلاتے کہا

میں غلط نہین تھی کرنل مگر تو نے غلط کیا۔۔آب جو

Posted On Kitab Nagri

میرا بدلہ لے گا تجھ سے وہ ہر گز غلط نا ہو گا۔۔۔اپنون کا پیار مجھے نصیب نا ہوا مگر دیکھنا کرنل تیرے اپنے ہی تجھے چیل کووں کی طرح نوچ کھائے گے ۔۔۔۔کسی کی ڈرد بھری سرگوشیاں اسکی سماعت ہوئی تو وہ بے چینی سے سینا مسلتے اٹھ کھڑے ہوئے

کیا ہوا بابا۔۔۔سکندر نے انہیں اٹھتے دیکھ پوچھا

میرا ہو گیا بچوں تم لوگ انجوائے کرو۔۔۔کرنل نے کہا اور اپنے کمرے کی طرف بڑھے

ابھی تو بدلے ہیں

مرشد

بدلہ ابھی باقی ہے

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

اوو نالائق ڈھیرھ رات تک گھر سے باہر رہنے کا کیا نموز بنا رکھا ہے تم نے ؟؟؟ آن تینوں ڈھیٹوں کو چھپکے سے نکلتے دیکھ ایزل نے ان تینوں کو گھورا جو وہ تینوں ہی دانت نکالتے کھڑے ہوئے

Posted On Kitab Nagri

ایزل بہن میں نے کچھ نہیں کیا ان دونوں کمینوں کی وجہ سے لیٹ ہوئی ہے ۔۔۔۔ جاناں نے معصومیت بھرے انداز میں کہتے پاس کھڑی مائزہ کے گلے میں بازو ڈالے

تمیز ہے بات کرو جان۔۔وہ بڑے ہیں تم سے ۔۔۔۔ ایزل نے سختی سے کہا مگر وہاں تو بسس لاپرواہی ہی لاپرواہی تھی

یار بڑے ہیں تو کیا سر پر بیٹھالو۔۔۔۔ جاناں نے مائزہ کے کندھے پر تھوڑی ٹکائی ایزل نے جوتا اتارتے اسکی طرف پھینکا جو اس نے پھر سے کھینچ کر لیا

جانی۔۔۔ جاناں کی بات سن سیم اور ولی تو روہانسے ہوتے ایزل کے گلے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جاناں خبر دار جو تم نے میرے بیٹوں کو کچھ کہا۔۔۔ ایزل نے اسے گھورا جو بے شرموں کی طرح ہنس رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

یار اگر یہ اپکے ہیں تو میں کس کی ہوں پھر ایزل بہن۔۔۔۔؟؟؟ جاناں نے کمر پر ہاتھ ٹکاتے آنکھیں مٹکائی

ماں کو یار کہتی ہو رکو تم۔۔۔کوئی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے۔۔۔۔

جاناں کیا جانے وہ کیا ہوتی ہے۔۔۔ایزل کی لائن جاناں نے گردن اکڑا کے کری تو مائزہ کی ہنسی چھوٹی

جان سوری بولو بھائیوں کو۔۔۔۔ایزل نے سنجیدگی سے کہا

ان کو جوں کو سوری بولے میری جوتی۔۔۔۔جاناں نے کہتے مائزہ کو کھینچتے اوپر کی طرف جانے لگی کہ ایزل کا دوسرا جوتا اسکی کمر سنیک گیا

ہان ظالم مار ڈالا۔۔۔۔جھک کر دوسرا جوتا ہاتھوں میں اٹھاتے اس نے کمر سہلائی

جوتا دو مجھے۔۔۔۔ایزل نے جوتا مانگا

Posted On Kitab Nagri

پہلے جوتوں کے پیسے دیں ورنہ بھول جائے صبح پتیسے والے کو بیچ کر پتیسا کھاؤ نگی۔۔۔۔ جاناں نے منہ بناتے اپنا پلان بتایا تو ایزل نے غصے سے مٹھیاں بھینچی مائزہ مسکراتے وہاں سے جا چکی تھی ولی اور سیم بھی ایزل کو غصہ دیکھ کھسک لیے تھے

ماں کا جوتا بیچون گی شرم نہیں آئے گی۔۔۔۔ ایزل نے اسے شرم دلانی چاہی مگر وہ ٹھہری ازل سے بے شرم

جب ماں نے مارا تو مجھے شرم نہیں ائی۔ پھر جوتا بیچتے کیسے آئے گی ۔۔۔۔۔۔ جاناں نے انکھیں مٹکاتے پوچھا تو ایزل پیر پٹکتے وہاں سے چل دی اور کر بھی کیا سکتی تھی بیچاری

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ زینے چڑھتے روم میں جانے لگی کہ امن کو آج پھر باہر دیکھ اسکی آنکھیں چمکی دھیرے دھیرے سے قدم اٹھاتے وہ عین امن کے پیچھے ارکی

Posted On Kitab Nagri

بو مممم۔۔۔وہ اسکے کان کے پاس چیخی تو امن کا مانو دل ہی ہل کر رہ گیا لیکن اس آفت کو دیکھ وہ پچھتایا اسے یہاں کھڑے ہونے کی ضرورت ہی کیا تھی

دیکھیں من صاحب میں اپکی معصوم اور شریف ۔۔زہین اور ایماندار بھتیجی ہوں ہے نا؟؟؟؟ جاناں نے کہتے اسکی طرف دیکھا جو بھاگنے کے پر تول رہا تھا اسکے دیکھنے پر گڑبڑایا

ہاں بہت اور میری دعا ہے اللہ ایسی بیٹی کسی کو نا دے۔۔۔امن نے آہستہ سے کہا جو جاناں مسکرائی

چلیں بھئی اب پھر سیدھا سیدھا بتائیں اپ۔۔.اپ کمرے کے باہر کیوں ہے۔۔۔۔؟ ایسا کیا کرتے ہیں کہ انی اپکو روم سے باہر نکال کھڑا کرتی ہیں۔۔۔۔جاناں نے آنکھ دباتے کہا غور سے سنتا امن اسکی معنی خیز بات پر بوکھلا گیا۔۔۔

جان۔۔۔رکو میں بتاتا ہوں تمھیں۔۔۔امن نے اسے گھورتے کہا اور اسے پکڑنے لگا جو قہقہہ لگاتی اپنے کمرے میں بند ہو چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

#بند کر کے مِری #آنکھیں وہ #شرارت سے ھنسے_

بُوجھے جانے کا,#میں ھر #روز تماشہ #دیکھوں

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

نہیں نہیں وہ کیسے واپس اسکتی ہے انہی ہاتھوں سے میں نے اسے مارا تھا۔۔۔کرنل نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے کہا وہ یقین نہیں کر پا رہا تھا کہ جاناں زندہ ہے اور اگر وہ زندہ تھی تو اسکے دن اس دنیا میں کم تھے

نہیں اگر وہ واقع میں زندہ ہوئی تو میں مجھے جانا ہو گا کہیں۔۔.ہوں اس سے بچنے کا ایک ہی راستہ ہے میرے پاس ۔۔.اگر اس نے مجھے ڈھونڈ لیا تو میرے خون کا ایک قطرہ تک جلا ڈالے گی وہ ۔۔.بوکھلاہٹ سے وہ کبھی یہاں گھومتے کبھی وہاں انکا بسس نہیں چل رہا تھا کہ وہ خود کو کسی اندھیری دنیا میں بند کر لیتا جہاں جاناں کی پہنچ نا پہنچ پاتی.

جب انسان کسی کے ساتھ برا کرتا ہے تو وہ خود کبھی بھی خوش نہیں رہ پاتا بے چینی اور بے سکونی اسکا مقدر بن جاتی ہے کرنل کا بھی یہی حال تھا

Posted On Kitab Nagri

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

سورج کی کرنیں گلاس وال سے ٹکراتی اسکے خوبصورت چہرے پر پڑی تو وہ کسمسائی اور کروٹ بدلنے لگی کہ اچانک کچھ یاد اتے جھٹکے سے کالی آنکھیں کھولی اور الماری سے کپڑے لیتے جھٹ سے واشروم میں گھسی

جلدی سے ریڈی ہوتے وہ نیچے آئی جہاں سارے ناشتہ کرنے میں مصروف تھے اسے دیکھ سبکے چہرے کھلے تھے

اٹھ گئی مہرانی صاحبہ۔۔۔ولی نے طنز کیا تو جاناں نے ایزل کے گال چومے اور اسکے ساتھ آ بیٹھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں جانی راستے میں ہوں۔۔۔ دل جلاتی مسکان ولی کو پاس کرتے وہ گویا ہوئی تو ولی نے دانت پیستے اسے گھورا

انی۔۔ آج نا مائزہ اپی اور میں باہر مطلب پارک میں واک پر جانے لگے ہیں۔۔۔ سیم کے اشارے پر وہ شائزہ اور امنہ سے مخاطب ہوئی

Posted On Kitab Nagri

ں. نہیں مجھے نہیں جانا۔. تم جاو۔۔۔مائزہ نے جلدی سے منع کیا اسکے ہسبینڈ اسے لینے آرہے تھے تو وہ پیکنگ کرتی یا اسکے ساتھ جاتی

آئے ہائے بنو رانی اپکے تو سیاں جی انے لگے ہیں اب کہاں فرصت ہونی اپکو۔۔۔۔جاناں نے ایزل کو آنکھ مارتے مائزہ کو چھیڑا تو وہ جھینپ سی گئ

شرم کرو جان۔۔ماں کا نہیں تو باپ کا لحاظ کرلو۔۔۔. ایزل نے اسے گھورا جو بے شرموں کی طرح فالتو کی باتیں کررہی تھی

یار یہ لحاظ کیا ہوتا ہے کیا کبھی اپ نے بابا کے ساتھ رومانچک ٹائم نہیں سپینڈ کیا؟؟؟ جاناں نے کہا اور وہاں سے باہر کو دوڑ لگادی کیونکہ ایزل اپنا جوتا پھر سے اٹھا چکی تھی اسکے بھاگنے پر سب ہنسے

دیکھا ہے میصم یہ کتنی کھل گئ ہے۔۔۔. ایزل نے خفگی سے میصم کو دیکھا جو ہنسی روکنے کے چکر میں سرخ ہورہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بھابی بچی ہے۔۔اپ اسے روکا نا کرے۔۔.یہی دن ہے اسکی شرارتیں دیکھنے کے پھر زندگی کا کیا پتہ کب دغا کر جائے۔۔.حازم نے ہنس کر کہا اسکی بات پہ سبکا چہرہ اداس ہوا

💔💔💔💔💔💔

اہ۔۔.شٹ۔۔۔۔وہ دونوں سڑک پر ہی کرکٹ کھیلنے لگے اور انکو دیکھتے ارد گرد کے بچے بھی انکے ساتھ کھیلنے آدھمکے تھے بچے کے بال کروانے پر جاناں نے شاٹ مارا جو آفریدی مینشن سے نکلتی بلیک چمکتی مرسیڈ کے شیشے پر جا بجی

واٹ دا ہیل۔۔۔۔غصے سے کار سے نکلتے وہ اتنی شدت سے ڈھاڑا کہ جاناں کی ریڈھ کی ہڈی میں سنسنی ہوئی اب غلطی کری تھی تو بھگتنا تو تھانا اور پھر بال بئ تو چاہیے تھے

ایکسکیوز می۔۔۔جاناں نے معصومیت اور میٹھی آواز میں کہا مراد غصے سے اسکی طرف مڑا کل سے ہی اسکا غصہ آسمان پر جا چکا تھا مگر اسکی پیار بھری آواز پر اس نے آئبرو اچکا کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

یس پرنسسز۔۔ نرمی سے بولتے وہ اسکے ہاتھ میں موجود بیٹ اور پیچھے موجود لڑکوں کو دیکھنے لگا نئے سرے سے غصہ پروان چڑھا تھا

اووو مسٹر گلفام اپ یہاں۔۔۔۔ جاناں نے جیسے اسے اب دیکھنے کی اداکاری کری اور حیرانی کے تاثرات چہرے پر سجائے مراد اسکے مصنوعی تاثرات کو دیکھنے لگا

ہمم۔۔ مراد نے سنجیدگی سے کہا اور گاڑی میں موجود بال اٹھاتے اسکی طرف مڑا

دیکھیں پرنسسز۔۔۔ اپ لندن میں نہیں پاکستان میں ہیں۔۔ اپکو پتہ ہے یہاں کے لوگ لڑکیوں کو یوں ان ڈریسسز میں اور اس طرح باہر سڑکوں پر کھیلتے دیکھ بہت غلط مطلب سمجھ لیتے ہیں۔۔۔ یہاں کے لوگ خود پر کم اور دوسروں پر زیادہ دھیان دیتے ہیں۔۔۔۔ مراد نے لمبی سانس بھرتے اسکے کپڑون کی طرف اشارہ کیا جو اس وقت شارٹ گھنٹوں تک اتی وائٹ پینٹ اور ریڈ شرٹ میں تھے جس سے اسکے کندھے برہنہ تھے جاناں نا سمجھی سے اسکی تقریر سن رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

میری ایک صلاح مانے تو کسی ایسی جگہ پر کھیلیں جہاں ان لوگوں کی نظر اپ پر نا پڑے۔۔۔۔۔اور اس ڈریس میں کھیلیں جس میں آپکی باڈی پارٹس نظر نا آئی۔۔۔۔لباس عورتیں جسم کو ڈھاپنے کے لئے پہنتی ہیں۔۔۔۔تو لباس بھی پھر لباس لگے۔۔۔۔۔مراد لغاری نے اپنے انداز میں ہی اپنی بات کہہ دی اور اس انداز میں کہی کہ جاناں کو اپنی ڈریسسز ڈریسنگ پر شرمندگی سی فیل ہوئی نظر اٹھا کر ارد گرد دیکھا تو کئی لوگوں کی ہوس بھری نظریں اس پر تھی

گھر میں ایزل بہن کھیلنے نہیں دیتی پھر ہم غریب کہاں جائیں۔۔۔۔؟؟؟ جاناں نے اپنی شرمندگی کو مٹانے کے لئے بولی تو مراد نے مسکراہٹ دبا کر اسکے شرمندہ شرمندہ سے سرخ چہرے کو دیکھا

میرے گھر کھیل لیا کریں یہی ہے اپکے سامنے۔۔۔میری ماما میری سسٹر بھی اپکو کمپنی دے دیا کرینگی ۔۔۔۔۔مراد نے جیسے کہا تو جاناں نے کچھ دیر اسے دیکھا پھر اسکے گھر کو اور سوچنے لگی اگر ایزل بہن نے دیکھ لیا تو جوتیاں پڑے گی۔۔۔۔

مراد تو اسکے چہرے کے بدلتے تاثرات کو دیکھتے مبہوت ہوا تھا کتنی انمول تھی وہ کتنی حسین۔۔اسے ہونا بھی چاہیے تھا کیونکہ وہ مراد لغاری کی پرنسسز تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اوکے ٹھیک ہے ٹھیک ہے اگر تم اتنا فورس کر رہے ہو تو میں تمھاری ممی اور اپی کو کمپنی دے دونگی مگر کہیں ایسا نا ہو کہ میں تمھارے گھر جاؤ اور وہ مجھے دیکھتے ہی بول پڑے کہ بھئی نا جان نا پہچان تو میری بنی کیوں مہمان۔۔۔۔۔

جاناں نے ہاتھ نچا نچا کر کہا تو مراد نے قہقہہ لگایا اور ابکی بار جاناں کی نظریں اسس پر ٹکی تھی وہ شہزادہ گلفام پہلے کم حسین تھا جو ہنس کر مزہد لوگوں کو اپنا دیوانہ کرنا چاہتا تھا

دیکھیں گلفام بے شک تم بہت اچھے لگتے ہو ہنستے ہوئے مگر اسکا مطلب یہ نہیں کہ ہنستے ہی رہو زرا سیریس ہو اور میری سوالوں کا جواب دو۔۔۔۔ جاناں نے اسکی تعریف کرتے کہا تو مراد نے نچلے ہونٹ کا کونا دانتوں میں دبایا اور اسے اپنے ساتھ چلنے کا کہا

م۔میں۔۔۔ جاناں نے حیرانی سے پوچھا اسکے سر ہلانے پر کچھ جھجھک کر وہ اسکے ساتھ اندر بڑھی پیچھے سیم اسے کسی اور کے گھر جاتے دیکھ اندر بھاگا

Posted On Kitab Nagri

یہ لفظوں کی #شرارت ہے

☺ذرا# سنبھل کر رہنا تم

#محبت لفظ ہے لیکن یہ اکثر ہو بھی جاتی ہے

#_____

.....

#زمانہ کیسے کرے #گا ہمیں #نظر انداز

گلی گلی ہمارے #دشمن گلی گلی #ہمارے یار

.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سر۔۔۔. رباب اج پھر وہاں موجود تھی مگر ابکی بار وہ اکیلی نہیں تھی اسکے ساتھ اسکے بہت سے سوال بھی تھے

رباب کی اواز پر وہ اسکی طرف مڑا ان آنکھوں میں نمی دیکھ وہ چونکی تھی

Posted On Kitab Nagri

سر اتنے سال ہو گئے ہمھیں ساتھ کیا اپ مجھے اپنے بارے میں نہیں بتا سکتے۔۔؟؟ کیا میں قابلِ اعتبار نہیں ہوں؟؟؟ رباب نے اداسی سے کہا جو وہ شخص آہستہ سے اٹھتے اسکے پاس سے گزرتے اسے ساتھ انے کا اشارہ کیا رباب نا سمجھی سے اسے دیکھتی اسکے پیچھے چل دی

اس نے ایک کمرے میں داخل ہوتے لائیٹس اون کری تو ایک دم سارا کمرہ روشنی سے نہا گیا رباب نے دیکھا وہاں ہر طرف پکچرز تھی جس میں ایک ینگ سا لڑکا جاناں کے ساتھ شرارتیں کر رہا تھا کہیں اس لڑکے نے جاناں کو دیکھ منہ بنایا تھا تو کہیں وہ کان پکڑے بڑے ہی معصومیت سے اسے سوری کر رہا تھا اور جاناں اسے گھورے جا رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ لڑکا۔۔۔

میں ہوں۔۔۔ میرا نام ارسل ہے۔۔۔۔ رباب کی نظروں میں سوال دیکھ ارسل نے کہا تو رباب کی نظروں میں حیرت در آئی

Posted On Kitab Nagri

ا۔ارسل۔۔۔اس نے زیرِلب نام بڑبڑایااور ایک قدم پیچھے ہوئی کیا یہ وہی ارسل تھا جس نے کرنل کی پاؤں کی انگلیاں کاٹی تھی حیرت سے اسکی آنکھیں بڑی ہوئی تھی ارسل نے مڑ کر اسے دیکھا

ہوں وہی ارسل جس نے کرنل کو معزور کیا ہے۔۔.پتہ ہے میں نے اسکی جان کیوں نہیں لی۔۔۔۔ اسے حیران پریشان دیکھ وہ طنزیہ مسکراہٹ اس پر اچھلاتا بولا تو رباب نے جھٹ سے سر نفی میں ہلایا

کیونکہ ابھی اسکو تڑپنا ہے اسکے ایک ایک انسو کا حساب دینا ہے۔۔۔۔اور اسکی موت۔۔۔ارسل کی آنکھون میں کرب اٹھا

اسکے بدلے میں اسکی جان بھی لے لوں تو بھی کم ہے۔۔۔۔وہ شدت سے دروازے پر ہاتھ مارتے غرایارباب ڈر کر اچھلی اور خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی تھی

بچے تم کیوں گھبرا رہی ہو۔۔۔ابکی بار وہ اسی نرم لہجے میں بولا تو رباب نے نفی میں سر ہلایا تو وہ اسے اپنے ساتھ لیتے باہر کی طرف بڑھا

Posted On Kitab Nagri

وہ ارسل تھا وہی ارسل جو مافیا گرل کا نمونہ تھا۔ مگر وہ نمونہ اس قدر سگندل کیسے ہو گیا تھا اگر ارسل تھا تو ارسلان نے بھی ہونا تھا۔۔۔ ارسل کو جیسے ہی جاناں کے مرنے کی خبر ہوئی اسے اپنی زندگی ویران لگی تھی وہ اس جاناں کے سفر میں۔ جاناں اسکے لیے بہت خاص ہو چکی تھی۔۔۔۔ اچانک اسکی موت انکو ہلا کر رکھ گئی تھی

اسے جیسے ہی کرنل کی غداری کا معلوم ہوا تو وہ سیدھا اسکے افس پہنچا تھا اور جب تک اسکا غصہ نا اترا وہ کرنل کی ہڈیاں اور پاؤں کی انگلیاں بھی کاٹ چکا تھا مگر اسکا دل پھر بھی بے چین تھا اسے چھوڑتے وہ اسی روم میں ایا تھا جہاں جانان اور وہ سب مسخری کرتے تھے بے شک جاناں سنجیدہ رہتی تھی مگر اسکی نظریں ہی انکے لیے کافی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

#درد کا کیا ہے جاناں سہہ کر مسکرا دیں گے
ڈولتی سانسوں کی کشتی کو ہم پار لگا دیں گے ❤

#منتظر ہیں ایک مدت سے تیری دید کے ہم
تم آؤ تو محبت کے ____ ہم دیپ جلا دیں گے ❤

Posted On Kitab Nagri

#سانسوں میں بسالیں گے خوشبو کو تمھارے ہم
ہونٹوں سے جام عشق ہم تم کو پلا دیں گے ❤

#بیٹھو گے گھڑی بھر کو جو تم پاس ہمارے
ہم اپنی محبت کا تمھیں دیوانہ بنا دیں گے ❤

#آنکھوں سے ہی پڑھ لو گے تم افسانہ محبت کا
ہم خود کو محبت کا _____ آئینہ بنا دیں گے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

#لگ جاؤ گے جو سینے تو دھڑکن کو قرار آئے
دو پل کی سنگت میں ہم صدیاں بتا دیں گے 💞
❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ماما۔۔. حور۔۔۔۔ مراد جیسے ہی ہال میں داخل ہوا تو فریحہ بیگم اور حور کو اواز دی تو وہ دونوں ہال میں ائی مراد کے ساتھ کھڑی انجانی لڑکی کو دیکھ وہ حیران ہوئی اور ہونا بنتا بھی تو تھا نا مراد لغاری لڑکیوں سے دور دور ہی رہتا تھا جبکہ حور تو حیرانی سے اسے اپنے سامنے دیکھ رہی تھی ہوش میں اتی اسکی طرف لپکی

Posted On Kitab Nagri

مامایہ پرن۔۔۔۔

ارے جانم۔۔۔ تم یہاں کیسے .۔میرے گھر کا راستہ اگیا تمھیں۔۔۔. ورنہ تو سو سو بہانہ کر کے تم مجھے ٹالتی ریتی ہو۔۔۔۔ مراد کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی حور صاحبہ جاناں کے گلے لگتے پر جوشی سے بولی تھی

بسس میں نے سوچا غریب لوگون کو دیدار بخش ہی دیتی ہوں۔۔۔ جانان نے ایک ادا سے کہا مراد تو اسکے انداز پر ہی فدا ہوا تھا جبکہ حور کا حال بھی مراد سے مختلف نا تھا

ہائے میں صدقے جاؤں۔۔۔ میری جان تمھاری یہ ادائیں مجھے پاگل کر دینگی۔۔۔۔ حور نے ایک انکھ ونک کرتے دل پر ہاتھ رکھ کر خالص لوفرانہ انداز میں کہا

Posted On Kitab Nagri

ماما یہ جاناں ہے میری فیس بک فرینڈ۔۔۔میں نے اپ سے کہا تھا نا کہ جاناں بہت خوبصورت ہے ۔۔۔۔حور نے فریحہ بیگم سے کہا فریحہ لغاری جاناں کو دیکھتے مراد کی طرف دیکھنے لگی جسکے ہونٹوں پہ دلکش مسکراہٹ رقص کر رہی تھی گالوں پر پڑتے ڈمپل اسکی ہنسی کو مزید دلکش بنا رہے تھے

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

ماشاءاللہ۔۔بہت پیاری بچی ہے۔۔۔۔مراد کی آنکھوں میں چمک دیکھ وہ خوشی سے نہال ہوتی جاناں کو گلے سے لگا گئی اسکی پیشانی چومتے وہ پیار سے بولی وہ انکے بیٹے کی چاہ تھی مطلب وہ ان سبکی چاہ تھی

آؤ بیٹھو بیٹا۔۔۔۔جاناں کو صوفے پر بیٹھاتے وہ اسکے ساتھ بیٹھی

مما آج سے پرنسسز یہی کرکٹ کھیلے گی۔۔۔۔مراد نے فریحہ لغاری کو مخاطب کیا تو انہون نے اثبات میں سر ہلایا حور بھی جاناں کے ساتھ باتون میں مصروف ہو چکی تھی

اوکے میں چلتا ہوں۔۔۔مراد نے گلاسس لگاتے کہا اور قدم واپس سے گھر سے باہر کو بڑھائے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے سنو شہزادے گلفام۔۔۔وہ جا ہی رہا تھا کہ اسے جاناں کی آواز سنائی دی وہ رکتے پیچھے مڑا کہ جاناں کو تیز رفتار سے بھاگتی اسکے پاس ارہی تھی اسکے مڑنے پر اچانک لڑکھڑائی اس سے پہلے وہ گرتی کہ مراد نے اسکی کلائی تھامتے اپنی طرف کھینچا

Posted On Kitab Nagri

کالی آنکھوں کو بند کرتی وہ منہ ہی منہ میں کچھ بڑبڑائے جارہی تھی مراد نے پہلے حیران ہو کر اسے دیکھا پھر سر جھٹکتے مسکرا دیا

انکھیں کھول لیں. ۔۔۔ پرنسسز ۔۔۔۔ اہستہ سے اسے کھڑا کرکے اسکی کمر پر سے ہاتھ ہٹاتے وہ سرگوشی میں بولا

اہ شکر ۔۔۔۔ اچھا خیر میں کیا کہہ رہی تھی ۔۔۔ ہوں سوری میری وجہ سے تمھاری گاڑی کا کانچ ٹوٹ گیا ۔۔۔ جاناں نے مسکرا کر کہا اسکے چہرے پر شرمندگی کی تو کوئی جھلک تک نہیں تھی ۔۔

سوری کرنے کی ضرورت نہیں ہے میری چیزیں بھی اپکی ہی تو ہیں ۔۔۔ مراد نے اسے دیکھتے آخری بات منہ میں بڑبڑائی تو جاناں نے اوکے کہتے واپس بھاگی

پگلی پرنسسز ۔۔۔۔ اسکے ہر انداز اسے اپنے دل کے قریب لگ رہا تھا وہ فدا ہوئے جارہا تھا اسکا جب سے اسے پتہ چلا تھا کہ جاناں ہی اسکی پرنسسز ہے وہ خود کو ہواؤں میں اڑتا محسوس کر رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

بس اسے اپنا عشق حاصل کرنا تھا جلد از جلد کیونکہ وقت جب ہاتھ میں ہوتا ہے تو بادشاہ بنا دیتا ہے اور جب وہی وقت ہاتھ سے ریت کی مانند پھسل جائے تو وہی بادشاہ گدھا بن جاتا ہے

❤❤❤❤❤❤❤

کیا ابھی جو ہم نے دیکھا وہ سب سچ تھا جاناں خان زندہ ہے۔۔۔ اگر وہ زندہ تھی تو چھپی کیوں رہی ۔۔؟؟؟ گاڑی میں بیٹھے آدمی نے ساتھ بیٹھے ادمی سے کہا بلیک پینٹ شرٹ پہنے وہ دونوں کسی گینگ کے بندے لگ رہے تھے جاناں کو کھیلتے دیکھ کر ہونق بنے

ہو سکتا ہے نا کہ اسے واپس سے وہی سیٹ حاصل کرنی ہو۔۔۔؟؟ دوسرے آدمی جسکا نام جون تھا وہ سوچتے ہوئے بولا کیونکہ اسکی نظر میں سبکو صرف پیسوں کی حوس ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو باس کو بتا دے۔۔۔ میں ان کی ڈیٹیل نکلواتا ہوں۔۔۔۔پہلے آدمی نے کہا اور وہی گاڑی سے اتر گیا جبکہ جون گاڑی سٹارٹ کرتے اگے بڑھا چکا تھا

باس آج ایک لڑکی کو دیکھا جسکا نام بھی جاناں ہے اور وہ مافیا کوئین جیسی ہی دکھتی ہے ہو بہو۔۔۔۔جون نے سر اٹھاتے اپنے باس کی چوڑی پشت کو دیکھا پھر سر جھکا گیا

Posted On Kitab Nagri

کیا۔۔۔وہ شخص حیران ہوتے اسکی جانب مڑا اور اپنی بھوری آنکھون سے جون کو دیکھنے لگا جو نظریں جھکا کر ہاتھ باندھے کھڑا تھا اسکے ہاتھ میں ایک فائل بھی تھی اس نے نظریں جھکائے ہی وہ فائل اسکی طرف بڑھائی

وائٹ پینٹ میں بلیک بنیان پہنے اسکی چوڑی جسامت پر کشش لگ رہی تھی بھوری آنکھوں اس نے فائل پر ٹکائی مضبوط ہاتھ اگے کرتے اس نے فائل پکڑی

جیسے جیسے وہ شخص فائل پڑھتا گیا اسکی مسکراہٹ گہری سے گہری ہوتی گئی جب اس نے پیج پلٹا تو سامنے جاناں کی خوبصورت سی پکچر تھی جس میں وہ ہونٹوں کا پاؤٹ بنائے ایک انکھ بند کیے سیلفی لے رہی تھی ۔۔دیکھنے میں ہی وہ اتنی نازک لگتی کہ ہاتھ لگانے سے میلی ہو جائے گی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حیدر کی آنکھوں میں دلچسپی ابھری اور اسکے ہاتھ جاناں کی تصویر پر آئے جون کو جانے کا اشارہ کرتے وہ پکچر الگ کر کے فائل سائیڈ پر پھینک چکا تھا

Posted On Kitab Nagri

میرا دشمن تو بہت ہی خوبصورت ہے۔۔۔۔۔ کہ دیکھتے ہی بندے کا دل بے ایمان ہو جائے۔۔۔. حیدر شاہ نے جاناں کی تصویر کو غور سے دیکھتے دلکشی سے کہا اور موبائل اٹھاتے کسی کو کال ملانے لگا

ہمممم روکی ۔۔۔۔ ایک لڑکی کی پکچر بھیج رہا ہوں اس پر نظر رکھنی ہے ۔۔۔۔ حیدر کے کب ہلے تو سامنے موجود شخص نے کچھ کہا تو وہ سر ہلاتے کال کٹ کر گیا

ہائے جانِ دشمن۔۔۔۔ وہ پکچر دیکھتے بڑے ہی دلکش انداز میں بولا

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

سیم خبر دار جو تم نے ایز کو کچھ بتایا۔۔۔ جوتے لگاؤں گی ۔۔۔۔ امنہ نے سیم کی بات سنتے اسے گھورا جو گھر بھر میں ڈھنڈورا پیٹنے لگا تھا ولی میصم کے ساتھ افس میں پس رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں مما وہ ہر وقت سبکو شکایت لگاتی ہے۔۔ آج تو موقع ملا ہے میں اسکی شکایت لگاؤں گا جانی کو۔۔۔۔ مگر وہ ہیں کہاں۔۔۔۔؟؟؟ سیم نے نفی میں سر ہلایا اور ضدی انداز میں کہا جو امنہ نے واس اٹھا کر اسے گھورا جیسے انکھوں سے بتا رہی ہو کہ اگر بتایا تو تمھارا سر پھوڑ دونگی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اپ میری ماماہیں یا انکی؟؟؟ سیم نے توبہ کرتے کانوں کو ہاتھ لگایا امنہ نے واس واپس رکھا

سیم تم میرے بیٹے ضرور ہو۔۔۔مجھے بہت عزیز بھی ہو۔۔۔ مگر جاناں اسکا ناک اور وہ میرے دل کے بہت قریب ہے اتنا قریب کہ اگر مجھے اسکے یا اپنے میں سے کسی ایک کو چننا پڑے تو میں جاناں کو چنو گئ ۔۔۔کہتے کہتے امنہ کی آنکھیں نم ہو گئ اسے وہ منظر یاد ایا جب جاناں انہیں بچا کر خود موت کو قبول کیا تھا

مما سوری میں نہیں کرتا شکایت۔۔۔اپ روئیں تو نا۔۔۔اسکے انسو پونچھتے وہ جلدی سے بولا تو امنہ نے مسکرا کر اسے دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ ابھی افریدی مینشن سے نکل رہی تھی کہ اچانک ایک وین اسکے قریب آتے رکی اور کچھ لوگ ماسک لگائے باہر نکلے جاناں نے حیرانی سے انہیں دیکھا اس نے وہاں سے جانا چاہا مگر وہ لوگ اسے زبردستی وین میں بیٹھانے لگے

Posted On Kitab Nagri

چھوڑو مجھے۔۔۔ چھوڑو۔۔۔ اپنے ہاتھ چھڑواتی وہ زور سے چلائی کہ اچانک ایک ادمی نے اسکے منہ پر کچھ سپرے کرتے اسے وین میں دھکامارا

چھوڑو۔۔ م۔مجھے ۔۔م۔۔میں۔۔۔ ا۔ا۔ایز۔ل۔ بہ۔ن۔۔ کہتے کہتے اسکے مزاحمت کرتے ہاتھوں کی حرکت مدھم پڑنے لگی اسکی کالی آنسو بھری آنکھیں دھندلانے لگی اور اہستہ اہستہ اسکی آنکھیں بند ہو گئی اسکا دماغ ایک دم پر سکون ہو گیا

باس کام ہو گیا ہے۔۔۔۔۔ایک ادمی نے کال کرتے حیدر سے کہا تو وہ قہقہہ لگا اٹھا

لے آؤ اسے یہی گھر پر۔۔۔ دھیان سے لانا اسکو ایک خراش تک نہ آئے سمجھے۔۔۔۔ ہنس کر کہتے وہ آخر میں سرد لہجے میں گویا ہوا تو گارڈز نے پریشانی سے جانان کو دیکھا پھر کال کٹ ہوتے ہی وہ نہایت نرمی سے اسے لیٹاتے وین بھگا لے گئے

#پلکیں گری تو#انکھ میں #انسو بھی آ گئے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

#بارش کا اس کی #یاد سے #رشتہ ضرور ھے۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

مائزہ بچے اپنا خیال رکھنا اور ہمھاری چھوٹی سی جان کا بھی۔۔۔۔ایزل نے مائزہ کو دیکھتے پیار سے کہا آج ہی کی خبر تھی کہ مائزہ کی طرف سے گڈ نیوز ہے سبکی خوشی دیدنی تھی اور اج ہی کی فلائٹ سے وہ اور ولید اسکا شوہر لندن واپس جارہے تھے

ماما جانان کہاں ہے مجھے اس سے ملنا ہے۔۔۔۔مائزہ جانے سے پہلے جاناں سے ملنا چاہتی تھی مگر وہاں تو اسکا نام و نشان نہیں تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہوں کہاں ہے وہ صبح سے دکھی ہی نہیں۔۔۔رات کے آٹھ بج رہیں ہیں۔۔۔۔حازم نے بھی گھر میں خاموشی محسوس کرتے کہا تو سیم نے امنہ کو دیکھا جو نفی میں سر ہلا رہی تھی

دوست کے یہاں گئی تھی وہی ہو گی جاؤ سیم اپنی بہن کو لے آؤ۔۔۔۔امنہ نے سیم کو اشارہ کیا تو وہ سر ہلاتے باہر کی طرف بڑھا

Posted On Kitab Nagri

مائزہ تم جاؤ ہم جلد تم سے ملنے ائے گے فلائٹ لیٹ ہو رہی ہے۔۔۔ میصم نے اسکی پیشانی چومتے کہا تو وہ سب سے ملتے باہر نکل گئ

تم نے اسے کیوں جانے دیا۔۔۔۔ یہ پاکستان ہے۔۔ اور یہاں تم جانتی ہو۔۔ اپنے کتنے دشم۔۔۔۔

جانی جان وہاں نہیں ہے انکا کہنا ہے کہ وہ تو صبح ہی انکے گھر سے نکل ائی تھی۔۔۔ سیم بھاگتے ہوئے واپس ایا پھولی سانسوں کے درمیان اس نے سب پر بم پھاڑا

ایزل کی تو مانو جان ہی نکل گئ کچھ سال پہلے کے خیالات اسکی انکھون کے سامنے چلنے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

